الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ10مارچ ، 2023اسلام آباد



مورخہ 10 مارچ 2023: سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان جناب عمر حمید صاحب PPSA پشاور کے ڈپٹی ڈائریکٹر اعجاز احمد کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

آج الیکشن کمیشن آ ف پاکستان سیکرٹریٹ اسلام آباد میں PPSA پشاور کے 40ممبرز زیر تربیت افسران کے وفد کو سیکرٹری الیکشن کمیشن عمرحمید خان کی سربراہی میں الیکشن کمیشن کے حوالے سے تفیصلی بریفنگ دی گئی ۔

وفد کو خوش آمدید کہتے ہوئے سیکرٹری الیکشن کمیشن کا کہنا تھا کہ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی قیادت میں الیکشن کمیشن نہ صرف اپنے آئینی فرائض انجام دے رہا ہے بلکہ صاف، شفاف اور غیر جانبدارانہ انتخابات کے انعقاد کے لئے بہت سے نئے اقدامات بھی اٹھا رہا ہے۔سیکرٹری الیکشن کمیشن نے اپنی بریفنگ میں آئین اور الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 186،187اور 188 کے تحت کمیشن کی آئینی ذمہ داریوں اور پولیس کے انتخابات میں اہم کردار اور ڈیوٹیوں کے بارے میں تفصیل سے بتایا ۔ انہوں نے پولیس افسران کو بتا یا کہ الیکشن ایکٹ کے تحت پولنگ اسٹاف ، پولنگ میٹریل اور پولنگ اسٹیشنز کی

سیکورٹی سمیت پُرامن انتخابات کرانا پولیس کی آئینی ذمہ داری ہے ۔ اس کے علاوہ الیکشن کمیشن کی پالیسی کے مطابق محروم طبقات اور خواتین کو ترجیحی بنیاد وں پر ووٹ ڈلوانے کے حوالے سے بھی پولیس کے زیر تربیت جوانوں کوآگاہ کیا ۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے ماضی میں تمام ضمنی اور بلدیاتی انتخابات میں پولیس کے کردار اور فرائض کو بخوبی انجام دہی پر اطمیان کا اظہار کیا اور آنے والے انتخابات میں پولیس افسران کو سیکورٹی کے حوالےسے اپنی ذمہ داریوں کو بخوبی انجام دینے پر زور دیا۔

الیکشن کمیشن نے بہت سے پراجیکٹ Digitization کے شروع کئے ۔ جن میں ٹیلی ہیلپ لائن (051-884-8888) کے علاوہ Online Recruitment System, RMS ،Online Complaint Management System, کمپیوٹرائز انتخابی فہرستیں جبکہ EVM, Overseas Voting اور دیگر کئی پراجیکٹس کے لئے پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ( PMU ) بنایا گیا۔ پولٹیکل فنانس ونگ کو بہتر کیا ۔ خواتین اور دیگر محروم طبقات کے ووٹ کے اندراج کے لئے پورے ملک میں مہم چلائی گئی اور 18لاکھ 60ہزار خواتین کا ووٹ درج کر کے انتخابی فہرستوں میں مردو خواتین کم کیا گیا۔

اب تک نوجوانوں کی الیکشن پراسس میں شمولیت کے لئے 667 سیشن پور ے ملک میں کالجوں اور یونیورسٹیوں میں کرائے گئے جبکہ ہم پورے ملک کے سکولوں کے بچوں کی انتخابی خواندگی کو یقینی بناے کے لئے پر عزم ہیں۔

ایڈیشنل ڈائریکٹر جنر ل مانیٹرنگ اور میڈیا ہارون شنواری نے وفد کو الیکشن کمیشن سے متعلق تفیصلی بریفنگ دی۔ جبکہ ایڈیشنل ڈائریکٹر الیکشن سید ندیم حیدر نے الیکشن پراسس کے حوالے سے وفد کو آگاہ کیا۔اور ایڈیشنل ڈائریکٹر جینڈر،ٹر نینگ ر نگہت صدیق نے شرکاء کو محروم طبقات اور خواتین کی انتخابی خواندگی ووٹ رجسٹریشن پر بریف کیا۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن کا کہنا تھا کہ آپ کا تعلق قانون نافذ کرنے والے اداروں سے ہے آپ کے لئے بھی قائداعظم محمد علی جناح کا وہی پیغام دہرانا چاہتا ہوں جو انہوں نے 1948میں سول افسران پشاور سے خطاب کے دوران کہا تھا کہ آپ کسی سیاسی جماعت یا شخص کے دباومیں نہیں آنا چاہیے ۔ایمانداری اور بے خوفی سے اپنے فرائض انجام دیں۔

بریفنگ کے اختتام پر فیلکٹی ممبر اعجاز احمد نے کمیشن کا شکریہ ادا کیا۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن کو PPSA پشاور کی جانب سے شیلڈ پیش کی جبکہ

سیکرٹری الیکشن کمیشن  نے بھی فیملی ممبر PPSA اور  ڈپٹی  ڈائریکٹرPPSA کو شیلڈ دی ۔

اس موقع پر  الیکشن کمیشن  سے ترجمان الیکشن کمیشن قرۃ العین فاطمہ  ،ڈپٹی ڈائریکٹر نفیسہ  ہاشمی ،ڈ پٹی ڈائریکٹر  عبدالرحمان ، ڈپٹی ڈائریکٹر اشتیاق خان  ،اسسٹنٹ ڈائریکٹر انم زہرہ  نے بھی شرکت کی۔

